نہایت قابل قدر کتابیں شائع ہوئیں (ہماری مراد گریگ [1] ایسٹ مین [2] اور آرتھر کوئسٹلر [3] کی کتابوں سے ہے) ان میں سے کم از کم دو یعنی گریگ اور آرتھر کوئسٹلر کی کتابوں میں فرائڈ کے نظریات ہی نے بنیادی کام سر انجام دیا ہے -

گریگ نے جہاں فرائڈ کے بنیادی نظریوں سے اتفاق کیا وہاں اس نے مزاح کے پس پشت فرائڈ کی پیش کردہ جنسی یا تشدد آمیز خواہش کی بجائے محبت یا نفرت کے رحجانات کو نمایاں جگہ دی اور کہا کہ چونکہ عام زندگی میں ہم ان رحجانات کی کھلے بندوں تسکین نہیں کر سکتے لہذا یہ مزاح کے ذریعے اس انداز سے تسکین حاصل کر لیتے ہیں کہ سوسائٹی کی اقدار کو کوئی صدمہ نہیں پہنچتا - مجموعی طور پر گریگ نے فرائڈ کے نظریے میں وسعت پیدا کرنے کی کوشش کی -

البتہ ایسٹ مین نے اس مسئلے کو ایک بالکل مختلف زاویے سے دیکھا اور مزاح کو ایک قطعاً علیحدہ انسانی جبلت (Instinct) قرار دے دیا - اس نے لکھا کہ مزاح کھیل کی جبلت (Play Instinct) ہے اور اس کا بڑا کام یہ ہے کہ انسان کو صدمے یا مایوسی کا ہنس کھیل کر مقابلے کرنے کی ترغیب دے -

---

1. The Psychology of Laughter & Comedy _ J.Y.T.Greig.
2. Enjayment of Laughter __ Max Eastman .
3. Insight & Outlook ___ Arthur Koestler.